نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

بارانی علاقوں میں کمانڈ ایریا کے قومی پروگرام کے تحت کاشتکاروں کو لیزر لینڈ لیولر کی سبسڈی پر فراہمی جاری

لاہور **25 اگست 2021**: وزیراعظم کے 300 ارب روپے کے زرعی ایمرجنسی پروگرام پر عملدرآمد جاری ہے۔اس پروگرام میں بارنی علاقوں میں کمانڈ ایریا کے قومی پروگرام کے تحت محکمہ زراعت صوبہ پنجاب کے 13 بارانی اضلاع میں کاشتکاروں کو لیزر لینڈ لیولر فی یونٹ 2 لاکھ 50 ہزار روپے سبسڈی سے فراہم کئے جا رہے ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت نے بتایا کہ ضلع راولپنڈی،اٹک،چکوال،جہلم،سیالکوٹ،نارووال،گجرات،میانوالی،خوشاب،ڈیرہ غازی خان،لیہ،بھکر اور راجن پور کے بارانی اضلاع کے کاشتکار درخواست دینے کے اہل ہیں۔اس ضمن میں درخواست دہندہ کے پاس لیزر لینڈ لیولر کے استعمال کے لئے ذاتی ٹریکٹر ہونا چاہیے۔درخواست دہندہ/ کاشتکار/مزارع/زرعی گریجویٹ کے پاس ساڑھے بارہ ایکڑ سے زائد رقبہ موجود نہیں ہونا چاہیے۔درخواست دہندہ اپنے علاقے میں منصوبہ کی مدت کے دوران سالانہ 300 ایکڑ زمین کی ہمواری کے لئے خدمات فراہم کرنے پر تیار ہو۔یاد رہے،ایسے تمام کاشتکار جو کسی اور منصوبہ کے تحت لیزر لینڈ لیولرز یونٹ حاصل کر چکے ہوں وہ درخواست دینے کے اہل نہیں ہوں گے۔ترجمان نے مزید بتایا کہ خواہشمند کاشتکار مکمل درخواست مع متعلقہ دستاویزات ڈپٹی ڈائریکٹر یا اسسٹنٹ ڈائریکٹر (اصلاح آبپاشی) کے دفتر سے مفت حاصل کر سکیں گے۔اس کے علاوہ کاشتکار محکمہ زراعت پنجاب کے شعبہ اصلاح آبپاشی کی ویب سائٹ www.ofwm.agripunjab.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔کاشتکار مکمل درخواستیں 15 ستمبر 2021 تک اپنے متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر (اصلاح آبپاشی) کے دفتر میں جمع کروائیں۔مزید معلومات کے لئے خواہشمند کاشتکار نظامت اعلیٰ زراعت (اصلاح آبپاشی) کے فون نمبر 042-99200757 پر دفتری اوقات میں رابطہ کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆